پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

15 جولائی 2019

ریزروبینک آف انڈیا نے ’’یونین بینک آف انڈیا پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

آر بی آئی نے 9 جولائی 2019 کو یونین بینک آف انڈیا (دی بینک) پر ایک ملین روپیہ (Rs.10,000,00) کا مالیاتی جرمانہ عائد اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی کی سائبر سیکوریٹی فریم ورک (بینکوں میں) سے متعلق ہدایات کی عدم تعمیل کی وجہ سے عائد کیا ہے۔ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (c)(1)47A جس کو سیکشن (i)(4)46 اور سیکشن (1)51 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک پر یہ جرمانہ عائد کیا ہے۔ یہ کارروائی ریگولیٹری کمپلائنس (تعمیل) میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مقصد بینک کا اپنے گاہکوں کے ساتھ کسی سمجھوتہ یا کسی طرح کے لین دین کی ویلیڈٹی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

پس منظر:

2016 میں بینک کے سوفٹ سسٹم کے ذریعہ کل 171 ملین امریکی ڈالر کے فراڈ (7 فراڈس) سے متعلق کچھ خبروں کی بنیاد پر بینک کے سائبر سیکوریٹی فریم ورک کی جانچ کی گئی اس جانچ میں بہت سی خامیوں کا انکشاف ہوا۔ نتائج کی بنیاد پر اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا کہ کیوں نہ آپ پر جرمانہ عائد کر دیا جائے۔ آپ نے آر بی آئی کی ہدایات پر تعمیل نہیں کی۔ بینک کے ذریعہ دیئے گئے جواب اور ذاتی سماعت میں وضاحت پر غور کرنے کے بعد آر بی آئی نے اس بینک پر مندرجہ بالا مالیاتی جرمانہ عائد کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ بینک کے ذریعہ عدم تعمیل اور صحیح قدم نہ اُٹھانے کی بنیاد پر ایسا کیا گیا۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 153/2019-2020